Message from Mr. Asif Ali Zardari
President Islamic Republic of Pakistan

پیغام برائے دو روزہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس

زیر انعقاد وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون سائنس و ٹیکنالوجی

مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ شعبہ عربی وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون' سائنس وٹیکنالوجی دو روزہ کانفرنس بعنوان **مکالمہ بین المذاہب کی بنیادیں** منعقد کر رہا ہے اور اس کانفرنس میں ملک بھر سے پروفیسرز' دانشور اور علمائے کرام شرکت کر رہے ہیں۔

دین اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات اور ابدی دستور زندگی ہے۔ یہ ایک مکمل دین اور ابدی ضابطۂ حیات ہے، جو اللہ اور رسول ﷺ کی ہدایات وتعلیمات کی روشنی میں زندگی کے تمام شعبوں اور بندگی کے تمام گوشوں کی تعمیر اور صورت گری کرتا ہے، یہ زندگی کے ہر پہلو کو ہدایتِ الٰہی کے نور سے منور کرتا ہے۔ اسلام ایک ایسا دین ہے جو محض رسومات یا عبادات سے موسوم نہیں بلکہ یہ ایک ایسا جامع دین ہے جس میں زندگی کے سارے تقاضے موجود ہیں۔ اس دین کا کمال یہ ہے کہ کرہ ارض پر بسنے والے لوگ اس کو اپنی زندگی ب اختیار کر سکتے ہیں۔ یہ دین مقامی ایشوز پر مبنی نہیں بلکہ اس میں آفاقی ایشوز ہیں۔ ہر رنگ ونسل کے لوگ اس دین کے سایہ ء آرام وآسائش حاصل کر سکتے ہیں۔

رسول اکرم ﷺ کی پیغمبرانہ خصوصیات میں سب سے اہم اور نمایاں خصوصیت آپؐ کا امام الانبیاء، سید المرسلین اور خاتم النبیین ہونا ہے۔ آپ ﷺ کی دعوت، آپ کا پیغام اور دین اسلام کائناتی اور آفاقی ہے۔ آپؐ پر دینِ مبین کی تکمیل کردی گئی۔ پوری انسانیت آپ ﷺ کی امت اور آپ ﷺ پوری انسانیت کے لیے بشیر ونذیر بنا کر مبعوث فرمائے گے۔ آپ ﷺ کی نبوت ورسالت کی آفاقیت اور عالمگیریت پر مبنی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی رحمۃ للعالمینی کو بھی زبان، نسل اور وطن کے لیے امتیاز سے پاک رکھا، آپ کی ایک ہی مجلس جو مسجدِ نبویؐ کے کچے دالان میں برپا ہوتی تھی، وہ "اقوام متحدہ" کا خوبصورت عکس پیش کرتی تھی۔

میں وفاقی اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر' آرگنائزر پروفیسر ڈاکٹر قاری بدر الدین' کنوینر پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی' رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر حافظ محمد ثانی' ڈاکٹر ڈی سلیمان اور ڈاکٹر محمد مشتاق کلوٹا کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انھوں نے اس اہم موضوع پر قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا ہے۔ میں حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتا ہوں اور کانفرنس کی کامیابی کے لیے دعا گو ہوں۔ رب کریم ہمیں آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کے ہر پہلو سے بہرہ مند ہونے کی سعادت عطا فرمائے۔ آمین

صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان

آصف علی زرداری